SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
March 14, 2017
For immediate release

انویسٹرایجوکیشن :ایس ای سی پی گلگت بلتستان، چترال ریجن میں بزنس سٹارٹ اپ ایکو سسٹم فراہم کرنے میں کردارادا کرے گا

گلگت (14مارچ) سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان مالیاتی اصولوں، کاروباراور سرمایہ کاری سے متعلق آگہی کا پروگرام جمع پونجی کادائرہ گلگت، بلتستان اور چترال ریجن تک بڑھاتے ہوئے، ان علاقوں میں نئے کاروبار شروع کرنے کے لئے موجودریگولیٹری فریم ورک، موجودسہولیات، مالی وسائل کے حصول اور کمپنی کی رجسٹریشن کے طریق کار سے متعلق آگہی مہم شروع کردی ہے۔ اس نے یقین دلایا ہے کہ وہ اس ریجن کو بزنس سٹارٹ اپ ایکو سسٹم فراہم کرنے میں کردارادا کرے گا۔

اس سلسلے میں ایس ای سی پی، انڈس اینٹراپنور اور آغاخان رورل سپورٹ پروگرام کے ساتھ مل کر آغاخان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کے خوشحالی کپ میں شرکت کی۔ اس خوشحالی کپ میں گلگت، بلتستان اور چترال ریجن سے نئے کاروبار شروع کرنے والے پچاس مردوخواتین نے شرکت کی جن کا انتخاب تین ہزار درخواست دہندگان میں سے کیا گیا۔ ملک بھر سے معروف کاروباری شخصیات نے نئے کاروبار شروع کرنے والوں کو لیکچر دیئے اور کاروبار میں کامیابی کے اصولوں سے آگہی فراہم کی۔ اس ورکشاپ میں شامل نوجوانوں میں سے پانچ افراد کو منتخب کیا جائے گا اور ان کی کاروبار میں کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے مالی معاونت اور ماہرین کی مشاورت فراہم کی جائے گی۔ خوشحالی کے اس مقابلے میں شامل نوجوان اینٹراپنورز کو پہلے سے دی گئی تربیت اور رہنمائی کے مطابق ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ یہ اس سلسلے کی تیسری ورکشاپ ہے۔

ایس ای سی پی کے سنئیر آفیسرز نے ورکشاپ میں شامل نواجوان انٹراپنورز کو نجی شعبے کے لئے موجودریگولیٹری فریم ورک، کاروبار کو رجسٹر کروانے، آن لائن رجسٹریشن اور کاروبار کے لئے مالی وسائل کے حصول کے طریق کار پر بریفنگ دی اور کاروبار کو رجسٹر کروانے کے فوائد سے بھی آگاہ کیا گیا۔ انہیں بتایا گیا کہ چھوٹے کاروبار کو بطور سنگل ممبر کمپنی رجسٹر کروایا جاسکتا ہے جو کہ نہایت آسان ہے۔ اس کی فیس اور انضباطی شرائط بہت کم ہیں۔ شرکا کو بتایا گیا کہ ایس ای سی پی نے حال ہی میں گلگت میں اپنا کمپنی رجسٹریشن دفتر کھولا ہے جہاں معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے کے لئے تجربہ کار سٹاف موجود ہے۔ شرکا کو ایس ای سی پی کی جانب سے نئے کاروبار کے آغاز کو سہل بنانے کے لئے کئے گئے اقدامات کے بارے بھی بتایا گیا۔

ورکشاپ سے نئے کاروبار شروع کرنے والے لوگوں کو تربیت دینے والوں، انڈس انٹراپنورز اور آغاخان رورل سپورٹ پروگرام کے متعلقین اور قراقرم یونیورسٹی کے اساتذہ نے بھی خطاب کیا۔